© rasailojaraid.com



کچھ مختلف نہیں) بلکہ اصل وجہ یہ ہے کہ ہندو مسلمان کو معاشرتی اور اقتصادی حیثیت سے "اچھوت" سمجھتا ہے۔ یہ سب صحیح ہے۔ لیکن کتاب کا لب ولہجہ کچھ اس طرح Apologetic ہے گویا کہ ہندوؤں سے خطاب کر کے کہا جا رہا ہے" ہمارا تمہارا مذہبی اختلاف تو کب کا مٹ چکا۔ اگر تم ذرا فراخ دلی یا مصلحت سے کام لیتے اور ہم سے معاشی اور معاشرتی مقاطعہ نہ کرتے، تو ہم تم سب ایک ہو جاتے، مگر افسوس کہ تم نے ایسا نہ کیا" مسلمانوں کی ایک مذہبی جماعت کے رکن رکین کا اس طرز پر سوچنا ہمارے لیے سخت تعجب اور افسوس کا باعث ہے۔

## غذائیات

ضخامت ۸۰ صفحات۔ ملنے کا پتہ ہمدرد منزل لال کنواں دہلی۔ قیمت آٹھ آنہ۔

یہ رسالہ "ہمدرد" دہلی کی اشاعتِ خاص ہے۔ غذا سے متعلق مفید اور ضروری معلومات کا ایک اچھا خاصہ مجموعہ ہے۔ تشریح کے لیے جا بجا دستی تصاویر بھی دی گئی ہیں۔

## دلی کی دو سو برس کی تاریخ

تالیف مولوی سید حسن برنی صاحب۔ مکتبہ جامعہ ملیہ دہلی۔

یہ اردو اکاڈمی جامعہ ملیہ کا مقالہ ہے جس میں تیمور کے حملہ سے قبل کے دو سو برس کی دہلی کی تاریخ ہے۔ اس میں تاریخی واقعات نہیں بلکہ مسلمان بادشاہوں کی تعمیرات و آثارِ قدیمہ کا ذکر ہے۔

## عمل

از محمد احمد صاحب ٹبلہ صدر بازار دہلی۔ مصنف سے مفت مل سکتی ہے۔

یہ حج کا سفر نامہ بھی ہے اور اس میں فریضۂ حج کی تمام ضروری معلومات بھی ہیں۔ اس کے علاوہ موجودہ نظامِ حج میں جو نقائص ہیں ان کو صاف صاف بیان کیا ہے کاش کہ ان کو دور کرنے کی کوشش کی جائے۔

## دہلی

از محمود علی خاں صاحب جامعی۔ مکتبۂ جامعہ دہلی۔ ضخامت ۶۴ صفحات قیمت ۴/ر

یہ کتاب آسان اور دلچسپ زبان میں بچوں کے لیے لکھی گئی ہے تاکہ وہ گھر بیٹھے نئی اور پرانی دہلی کی سیر کر لیں۔ سمجھانے کے لیے بہت سی تصویریں اور نقشے بھی دیے ہیں۔

## لطائفِ غالب

مرتبہ ایم۔ اے شاہ۔ ملنے کا پتہ مکتبۂ پنجاب۔ لاہور۔

یہ مرزا غالب کے ۸۴ لطیفوں کا مجموعہ ہے جو ان کے خطوط یا اُن کی گفتگو سے لیے گئے ہیں۔

© rasailojaraid.com